سالانہ لازمی تعلیم ٹیسٹ ۲۰۲۶

یہ ٹیسٹ ، ورک بک کی مدد سے حل کیا جانے والا لازمی ٹیسٹ ہے جس کا مقصد جائزہ لینا اور اندزہ لگانا ہے کہ ہم ۲۰۲۵ء-۲۰۲۶ء کے ۱ تا ۴

سہ ماہی نصاب میں سے کتنا علم برقرار رکھ سکے ہیں۔

برائے مہربانی اس ٹیسٹ کو مکمل کرنے کے لئے ایک سے دو گھنٹے کا وقت مختص کرلیں۔ آپ کو ہدایت ہے کے ٹیسٹ ایک ہی نشست میں پورا کریں تاکہ آپ کے ٹیسٹ کا حل شدہ حصہ ضائع نہ ہو۔

مکمل نمبر (۱۰۰)

۱۰ نمبر اضافی (بونس) اضافی سوال کو حل کرنے کے لئے

قرآن الکریم کل نمبر ۵۰

۱۔ قرآن الکریم کی آیت ۲:۱۷۸ میں اس حکم کے علاوہ تمام احکام شامل ہیں : نمبر ۱۰

ا. اللہ تعالی اور یومِ آخرت پر ایمان لانا

ب. فرشتوں پر، آسمانی کتابوں پر اور رسولوں پر ایمان لانا

د. اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا

ج. ہمسائیوں سے نرمی اور رحمدلی کا سلوک کرنا

۲۔ مندرجہ ذیل قرآن پاک کی کونسی آیت ہے نمبر ۱۰

" اور جو جہاد کرے تو وہ اپنی ہی خاطر جہاد کرتا ہے۔ یقینا اللہ تمام جہانوں سے مستغنی ہے" ۔

ا. ۲۵:۵۳

ب. ۲۹:۰۷

د. ۶۱:۱۱

ج. ۹۰:۱۸

۳۔ورک بک کے سرورق پر قرآن پاک کی آیت ۲۹:۷۰ کا ترجمہ ہے :

نمبر ۱۰

ا. جو بھی اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرے گا،ہم اسے معاف کر دیں گے ۔

ب. اپنے رب کی طرف لوٹ جا ، راضی رہتے ہوئے

د. اور وہ لوگ جو ہمارے بارہ میں کوشش کرتے ہیں ، ہم ضرور انہیں اپنی راہوں کی طرف ہدایت دیں گے۔

۴۔ قرآن پاک کی آیت نمبر ۷:۳۴ میں حیا کا ذکر کرتے ہوئے

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے : نمبر ۱۰

ا. میرے رب نے محض بے حیائی کی باتوں کو حرام قرار دیا ہے ، وہ بھی جو اس میں سے ظاہر ہو اور وہ بھی جو پوشیدہ ہو۔

ب. جو بھی اللہ سے اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرے تو اللہ اسے بخشش دیتا ہے ۔

د. یقیناً مومن کامیاب ہو گئے۔

۵۔ اپنے بچے کو سکول میں جارحیت سے نمٹنے کے طریق کے بارے میں بتاتے ہوئے آپ قرآن کریم کی کونسی آیات پر عمل کرنے کی نصیحت کریں گے۔ نمبر ۱۰

ا. ۔۶۶:۱۰، ۲۵:۷۳، ۳۱:۲۰، ۲۸:۵۶،

ب. ۱۷:۸۳، ۱۰:۶۳، ۳۵:۳۵

حدیث النبویؐ کل نمبر ۲۵

۱۔ " اپنے مسلمان بھائی کی بہرحال امداد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا کہ مظلوم ہو۔" حدیث البخاری ۔ مارچ ۲۰۲۶ کی حدیث میں کون سا طریقہ درج ہے ؟ نمبر ۵

ا. اس کا ہاتھ روک کے۔

ب. اپنی زبان سے روک کے

د. دل میں اس کے فعل کو غلط جان کے

۲۔ خالی جگہ پر کریں۔ نمبر۔ ۱۵

ا. " جب کوئی شخص دوسرے لوگوں کے تعلق کہتا ہے کہ وہ ------- ہو گیا تو ایسا شخص خود یہ بات کرکے انہیں ہلاک کرتا ہے۔ "

ب. " مٹی میں ملے اس کی ناک، مٹی میں ملے اس کی ناک ، ایک بار پھر فرمایا۔ مٹی میں ملے اس کی ناک ۔ وہ شخص جس نے اپنے بوڑھے ------ کو پایا اور پھر وہ ان کی خدمت کرکے جنت میں داخل نہ ہو سکا۔ "

د. " جب کوئی آدمی کسی (اجنبی) عورت کے ساتھ علیدگی میں ہوتا ہے تو ان دونوں کا تیسرا ------ ہوتا ہے۔

منتخب الفاظ : ١. الشیطان ٢ . ہلاک ٣. ماں باپ

٣. رسول اللہ (صلی اللہ وعلیہ وسلم) نے فرماتے تھے کہ " اپنے نفس سے فتویٰ لو۔ نیکی وہ ہے جس پر تمہارا دل تسکین محسوس کرے اور تمہارا نفس اطمینان پا جائے اور گناہ وہ ہے جو تمہارے نفس میں کھٹکے اور تمہارے سینے میں تنگی پیدا کرے خواہ دوسرے لوگ تمہیں اس کے جائز ہونے کا فتویٰ ہی دیں۔" نمبر ۵

ا. صحیح

ب. غلط

کتب حضرت مسیح الموعودؑ نمبر ۱۵

حضرت مسیح موعود علیہ السلامؑ فرماتے ہیں :

مجرم وہ ہے جو اپنی زندگی میں خدائے تعالیٰ سے اپنا تعلق کاٹ لیوے۔ اسکو تو حکم تھا کہ وہ خدائے تعالیٰ کے لئے ہو جاتا اور صادقوں کے ساتھ ہو جاتا مگر وہ ہواوہوس کا بندہ بن کر رہا اور شریروں اور دشمنان خدا اور رسول سے موافقت کرتا رہا۔ گویا اس نے اپنے طرز عمل سے دکھا دیا کہ خدائے تعالیٰ سے قطع تعلقی کر لی ہے۔ یہ ایک عادۃ اللہ ہے کہ انسان جدھر قدم اُٹھاتا اسکی مخالف جانب سے وہ دور ہوتا چلا جاتا ہے ۔ وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے الگ ہو کر اگر ہواوہوس کا بندہ ہوتا ہے تو خدا اس سے دور ہوتا جاتا ہے اور جوں جوں ادھر تعلقات بڑھتے ہیں ادھر کم ہوتے ہیں۔ یہ مشہور بات ہے کہ دل رابدل رہے است۔ پس اگر خدائے تعالیٰ سے عملی طور پر بیزاری ظاہر کرتا ہے تو سمجھ لے کہ خدائے تعالیٰ بھی اس سے بیزار ہے ۔اور اگر خدائے تعالیٰ سے محبت کرتا ہے اور پانی کی طرح اسکی طرف جھکتا ہے تو سمجھ لے کہ وہ مہربان ہے۔ محبت کرنے والے سے زیادہ اللہ تعالیٰ اس کو محبت کرتا ہے۔ (ملفوظات جلد نمبر اوّل صحفہ نمبر ۱۲۳،۱۲۴)

١. ہر شخص کو حکم ہے کہ خدا تعالیٰ کا ہو جائے اور صادقوں کی رفاقت میں رہے۔ نمبر ۵

ا. صحیح

ب. غلط

۲۔ یہ ایک عادۃ اللہ ہے کہ انسان جدہر قدم اُٹھاتا ہے اسکی مخالف جانب سے وہ نزدیک ہوتا جاتا ہے۔ نمبر ۵

ا. صحیح

ب. غلط

۳۔ محبت کرنے والے سے برابر اللہ تعالیٰ اس کو محبت کرتا ہے۔۔ نمبر ۵

ا. صحیح

ب. غلط

ترتیل : نمبر ۱۰

۱۔ "حروفِ مقطعات" کو تلفظ کرنے کا طریق : نمبر ۵

ا. ہر حرف کو الگ پڑھیں

ب. اعراب کے مطابق پڑھیں جیسے کہ فتحہ اشباعیہ یا مدّ

د. تجوید کے اصولوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے پڑھیں

ج. ا اور ب

ز. ا اور د

ف. ا ، ب اور د

۲۔ جس حرف کے اوپر فتحہ کی حرکت ہو اسے مفتوح کہتے ہیں۔ مفتوح حرف کو لمبا کھینچنے سے : نمبر ۵

ا. حرف کے معانی بدل جاتے ہیں۔

ب. حرف کی خوبصورتی بڑھ جاتی ہے۔

ج. حرف کی خوبصورتی متاثر ہوتی ہے۔

د. ا اور ج

اضافی (بونس) سوال نمبر ۱۰

اسم ، فعل اور حروف کی شناخت کریں

۱۔ تَمْشِ تو پھر

ا. اسم

ب. فعل

ج. حرف

۲۔ ذِی القُربٰی قرابت دار

ا. اسم

ب. فعل

ج. حرف

٣. إِذا   جب

ا. اسم ظرف

ب. فعل

ج. حرف

٤. منْ   كون

ا. اسم

ب. فعل

ج. حرف

٥. خُطُوٰتٍ   قدم

ا. اسم

ب. فعل

ج. حرف